سوال

(465) تقریباً چار ہزار بچت ہوتی ہے تو سالانہ کتنی زکوۃ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

منیاری کی ایک دوکان میں تقریباً چالیس ہزار کا سامان بیچنے کے لیے رکھا ہوا ہے۔ ماہانہ تقریباً چار ہزار بچت ہوتی ہے تو سالانہ کتنی زکوۃ فرض ہے؟ زکوۃ سونے کے نصاب کے مطابق دی جائے گی یا چاندی کے نصاب کے مطابق؟ (محمد افضل، ضلع سیالکوٹ)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

کاغذی کرنسی کا نصاب زکوۃ چاندی والا لگایا جائے گا۔

تولہ چاندی کی مالیت کے کرنسی نوٹ ہوں تو زکوۃ فرض ہے، چالیسواں حصہ (1/40) شرح زکوۃ ہے۔ باقی آپ کی دکان میں کتنا سودا ہے کتنا آپ نے لوگوں سے لینا ہے اور کتنا آپ کے پاس نقد موجود ہے؟ ان تمام چیزوں کا حساب آپ نے خود کرنا ہے۔ ۸ ۱ ۱۴۲۱ھ

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد 02 ص 406

محدث فتویٰ